## فورسز یا اداروں کی سہولیات میں کونسی قابلیتوں کی ضرورت ہے؟

انضمام کے لئے دوبارہ سمت بندی کرنے کاعمل کافی سارے اداروں میں شروع کیا جا چکا ہے۔ بدلتے ہوئے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے، تعلیمی اداروں کی طرف سے تصدیق شدہ ضارب کو تربیت دی جاتی ہے ۔ نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کی ریاست کے خاندان، بچوں، نوجوانوں، ثقافت اور کھیل کی وزارت بھی ان کورسز کی حمایت کر رہی ہے۔ بنیادی مقصد نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کی ریاست میں بچوں کی نگہداشت کے معیار کو مسلسل تعلیمی اور تربیت کے مناسب اقدامات کے ذریعے بہتر اور محفوظ بنانا ہے۔ اداروں میں تعلیمی عملے بھی اس بات کو پسند کریں گے کہ آپ کے بچے کا پورا ساتھ دیں اور جہاں تک ہو سکے اس کی مدد کریں۔

### اضافی معلومات

“ ابتدائی ماحول میں روز مرہ انضمام زبان کی تعلیم اور مشاہدے ”کے لئے بروشر/کتابچہ
http://kita.nrw.de/datei/broschuere-sprachbildung-im-elementarbereich

زبان کی تعلیم-KiTa.NRW
http://kita.nrw.de/kinder-bilden/sprachliche-bildung

### رابطہ کے لئے

Ministerium für Kinder, Jugend, Familie,
Gleichstellung, Flucht und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen

Völklinger Straße 4, 40219 Düsseldorf
E-Mail: poststelle@mkjfgfi.nrw.de

Ministerium für Kinder, Jugend, Familie,
Gleichstellung, Flucht und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen

Völklinger Straße 4, 40219 Düsseldorf
Telefon: 0211 837-02
poststelle@mkjfgfi.nrw.de
www.chancen.nrw

@ChancenNRW
@ChancenNRW
chancen_nrw
Chancen NRW



Ministerium für Kinder, Jugend, Familie,
Gleichstellung, Flucht und Integration
des Landes Nordrhein-Westfalen



# والدین کے لئے بچوں کے ڈے کئیر کی معلومات میں بچوں کے لئے روزمرہ زبان کی تعلیم اور معائنہ کا انضمام

KiTa.NRW
Kompetenz & Vielfalt

www.chancen.nrw
www.kita.nrw.de

Urdu
اردو

## پیارے والدین،

بہترین لسانی قابلیتیں سماجی زندگی، انضمام شدہ صلاحیتوں اور اسکول اور دیگر کاموں میں مزید کامیابی کے لئے بنیادی شرائط ہیں۔ اسی لئے ہمارے تعلیمی نظام میں بچوں کے ڈے کیئر کی سہولیات میں اور ان کی دیکھ بھال میں ابتدائی تعاون اور زبان کے فروغ کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ سائنس اور روزمرہ کے معاملات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ روزمرہ کی گفتگو بچوں میں زبان کی ترقی پر سب سے زیادہ مثبت اثر ڈالتی ہے۔ اس لئے 1 اگست 2014 کے بعد سے، بچوں کے ڈے کیئر کی سہولیات میں لسانی تعلیم تیزی سے جگہ بنا رہی ہے۔

ہر بچے کی لسانی ترقی کا شروع سے ہی مشاہدہ کیا جاتا ہے تاکہ روزمرہ کی انضمام شدہ لسانی تعلیم کو بہترین انفرادی سطح پر ڈھالا جا سکے۔آپ کے بچے کے پاس یہ صلاحیت اور مہارت ہے کہ اس تعلیمی نظام کو تسلیم کرے، اس کی حمایت کرے اور اس کو اپنائے۔

اس عمل میں، والدین اور تعلیمی عملے کے درمیان ایک کامیاب تعلیمی تنظیم اور تعلیمی پارٹنرشپ کی تنظیم اہم اہمیت کے حامل ہیں۔ خاندان کا ماحول اب بھی زبان کے حصول کے لئے اولین اہمیت کا حامل ہے۔ خیالات، علم، تجربات اور وسائل کے تبادلے سے ایک مشترکہ تعلیم کو اور تعلیمی تفہیم کو تیار کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## کونسے بچوں کی حمایت کی جاتی ہے؟

ایک روز مرہ انضمام زبان کے حصے کے طور پر، تمام بچوں کو شروع سے ہی ان کی لسانی قابلیتوں میں مدد کی جاتی ہی۔ اس تناظر میں، بچوں کے ڈے کیئر کی سہولیات میں اور بچوں کی روِش میں تدریسی ادارے بچوں کو مہیا ذرائع اور ان کے مفادات کو دھیان میں رکھتے ہیں۔ یعنی ہر بچہ کو روزانہ مکالمات، گانے، نغمے، ڈرامے، حالات، وغیرہ کا تجربہ کرنا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، تمام بچوں کی لسانی مہارت کا مشاہدہ بھی کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے تعلیمی دستاویزات کے لئے والدین کی رضامندی (بمطابق§18 پیرا 1 KiBiz) ضروری ہے۔ نتائج بھی روز مرہ انضمام زبان کے مطابق ڈھالےجاتے ہیں۔

اگر آپ کا بچہ نرسری اسکول نہیں جاتا یا آپ تدریسی عملے کی طرف سے بچے کی لسانی استعدادات کی مسلسل نگرانی پر رضامند نہیں ہوئے ہیں تو یہ طریقہ کار استعمال کیا جاتا ہے: آپ کے بچے کی زبان کی حمایت کے بارے میں، اسکول شروع ہونے سے دو سال پہلے، اسکول کے دفتر کی طرف سے یقین دہانی کی جاتی ہے (بمطابق§36 پیرا 2 Schulgesetz)۔ جب زبان کی حمایت کی ضرورت کا اندازہ ہوتا ہے، تو آپ کے بچے کو ایک مناسب سطح کی زبان کی مدد دی جاتی ہے۔ یہ معلومات آپ کے بچے کی درخواست میں بچوں کے نرسری کے دن مل سکتی ہے۔



## مشاہدہ کیسے کیا جاتا ہے؟

زبان کی ترقی اور عمل کے ہمراہ مشاہدے کا کام کنڈرگارٹن سال 2014/2015 کے بعد سے شروع ہوا۔ مقصد انفرادی طور پر زبان کی ترقی کے لئے ساتھ دینا اور حمایت کرنا ہے اور جتنی جلدی ممکن ہو سکے اس کو شروع کرنا ہے۔

مشاہدے بچوں کے ڈے کیئر کی سہولیات میں روزمرہ کی زندگی میں ہوتے ہیں، تاکہ بچوں کی لسانی ترقی کو مستقل طور پر دیکھا جا سکے۔ اداروں کو سائنسی طریقہ کار مہیا کیئے جاتے ہیں۔ تاہم، ان طریقوں کو سپیچ تھراپی (آواز کا علاج) کے استعمال کا تعین کرنے کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اگر آپ سوچتے ہیں تو تدریسی عملہ آپ کو یہی مشورہ دے گا کہ آپ کسی بچوں کے ڈاکٹر کے ساتھ مل کر سپیچ تھراپی یا لینگویج تھراپی (زبان کا علاج) کے ماہر کی مدد لے سکتے ہیں۔انفرادی لسانی تعلیم کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے، تعلیمی ادارے بچوں کے ڈے کیئر کی سہولیات میں ان کی روزانہ کی زندگی کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ ایک وضاحتی تشخیص، جو بچے کی موجودہ ترقی کے بارے میں معلومات دیتی ہے، پیش نظر رہتی ہے۔ ایک کمپیوٹیشنل تشخیص، جو آپ کے بچے کی لسانی ترقی کا دوسرے ہم عمر اور جرمن زبان کا ایک جیسا آغاز کرنے والے بچوں کے ساتھ مقابلہ کرتی ہے، ممکن ہے لیکن لازمی نہیں ہے- اگر آپ کے بچے کی نگرانی ڈے کیئر کی سہولیات یا مراکز میں کی جاتی ہے، تو آپ کے بچے کی تعلیمی دستاویزات کو آپ کے حوالے کر دیا جائے گا (بمطابق §18 پیرا 2 KiBiz)۔ اس میں لسانی مشاہدے کے کاغذات بھی شامل ہیں۔